سوال

(896) اللہ تعالیٰ کو قدرت نہیں کہ مثل آنحضرت ﷺ کے پیدا کرسکے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کیا فرماتے ہیں، علمائے دین ومفتیان شرع متین اس باب میں کہ زید کہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کو قدرت نہیں کہ مثل آنحضرت ﷺ کے پیدا کرسکے اور عمرو کہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کو قدرت تو ہے مگر موافق اپنے وعدہ کے پیدا نہ کرے گا۔ ان دونوں میں کون سچا ہے۔ بینوا توجروا

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

درصورت مرقومہ معلوم کرنا چاہیے کہ زید اپنے قول میں جھوٹا ہے اور دعوے اس کا خلاف عقاید مسلمین کے ہے اور عمر اپنے دعوے میں سچا ہے اور اعتقاد اس کا موافق عقائد اہل سنت والجماعت کے ہے اور اعتقاد زید کا گمراہی ہے، ایسے شخص کو گمراہ اور اہل بدعت سے سمجھنا چاہیے، ایسے شخص کے کور اور عدم کفر میں علماء مختلف ہورہے ہیں اور قریب کفر کے ہونے میں کچھ شک وشبہ نہیں ہے، واللہ اعلم بالصواب۔

حررہ سید محمد نذیر حسین عفی عنہ   محمد قطب الدین... خواجہ ضیاء الدین   محمد اسد علی   حسبنا اللہ بس حفیظ اللہ

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد02